Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza



# طلبا کی تعلیم کی معاونت میں شہرپیما طرزِعمل کی توقعات
# گریڈز K–5

جس میں K–12 طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا مسودہ اور ضابطۂ انضباط شامل ہیں

**ستمبر 2019 سے اس کا نفاذ ہوگا**

T&I-30096 Discipline Code K-5 updated Sept 2019 (Urdu)

**Richard A. Carranza, Chancellor**
چانسلر

**Mark Rampersant**
سینئیر ایگزیکٹو ڈائریکٹر
دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی

**LaShawn Robinson**
ڈپٹی چانسلر
اسکول کے ماحول اور بہبود کی فروغ دہی

یہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (NYCDOE) کی پالیسی ہے کہ اصل یا تصور کردہ نسل، رنگ، عقیدہ، عمر، مذہب، قومیت، قومی نژاد، غیرملکی ہونے کی صورت حال، شہریت / نقل وطنی کی صورتِ حال، معذوری، عمر، جنسی رجحان، صنفِ جنس (جنس)، جنسی شناخت، جنسی اظہار یا وزن سے قطع نظر یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرے۔ NYCDOE کی یہ بھی پالیسی ہے کہ ان میں سے کسی بھی بنیادوں پر، بشمول جنسی ہراس کے، ایک ایذا دہی سے مبرا ماحول قائم رکھا جائے۔

غیر امتیازیت پالیسی کی تعمیل سے متعلق استفسارات ذیل میں بھیجے جاسکتے ہیں:
NYCDOE Office of Equal Opportunity, 65 Court Street, Brooklyn, New York 11201, (718) 935-3320

## فہرست مشمولات

### طلبا کی تعلیم کی معاونت میں شہرپیما طرزِعمل کی توقعات

نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (NYCDOE) اس بات کو لے کر عہد بستہ ہے کہ ہمارے اسکول محفوظ، سلامت ہیں، اور ان میں منظم ماحول موجود ہے جن میں روزانہ تدریس اور تعلیم رو پذیر ہوتی ہے۔ ایک محفوظ اور دوستانہ اسکول کا انحصار اسکولی برادری کے تمام ارکان — اساتذہ، طلبا، انتظامیہ، والدین، مشیران، سماجی کارکنوں، حفاظتی عملے، متعلقہ خدمات فراہم کنندگان، کیفیٹریا کے نگران اور بس کے عملے کے — ایک دوسرے سے باہمی احترام سے پیش آنے کی کوششوں پر ہے۔

اس دستاویز میں K–12 طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا مسودہ اور ضابطۂ انضباط شامل ہے (https://www.schools.nyc.gov/StudentRights)، جو طلبا کے ذمہ دار طرز عمل کو اور متنوع ماحول میں طلبا کے ثمرآور شہری بننے کی جدوجہد میں مدد کے لیے رہنمائی خطوط قائم کر کے وقار اور احترام کی فضا کو پروان چڑھاتا ہے۔

### طرز عمل کے معیارات

اسکولی برادری کے تمام ارکان — طلبا، عملہ اور والدین — کے لیے لازمی ہے کہ وہ طرز عمل کے ان تمام معیارات سے واقف ہوں جن کا مظاہرہ کرنے کی تمام طلبا سے توقع کی جاتی ہے اور اس کے ساتھ ان معیارات پر پورا نہ اترنے کی صورت میں مناسب ردعمل کی توقع کی جاتی ہے۔

طلبا کی تعلیم کی معاونت میں شہرپیما طرزِعمل کی توقعات (بشمول ضابطہ انضباط) ان طرزِعمل کی تفصیلات کی فراہمی ہوتی ہے جو نیو یارک شہر کے طلبا کے معیاری طرزِعمل کی توقعات کو پورا کرتی ہے، اور ایسے طرز عمل کی بھی خاکہ کشی کرتا ہے جو ان معیارات کو پورا نہیں کرتا ہے۔ اس میں تعاون اور مداخلتوں کی کاروائیاں اور نیز تادیبی کاروائیاں بھی شامل ہیں جن کا استعمال اسکول بدفعلی پر توجہ دینے کے لیے کر سکتے ہیں۔

شہرپیما طرز عمل کی ان توقعات کا اطلاق نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے اسکولوں کے تمام طلبا پر ہوتا ہے۔


**نصب العین کا بیان اسکول کے ماحول اور نظم و ضبط سے متعلق** ____ Error! Bookmark not defined.

**تعارف:** ____ Error! Bookmark not defined.

**بطور والدین شراکت دار** ____ Error! Bookmark not defined.
حاضری ____ **Error! Bookmark not defined.**

**طلبا کے مثبت طرز عمل کو فروغ دینا** ____ Error! Bookmark not defined.

**K–12 طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا قانونی مسودہ** ____ Error! Bookmark not defined.
تمہید ____ **Error! Bookmark not defined.**
I. پبلک اسکولوں میں مفت تعلیم حاصل کرنے کا حق ____ **Error! Bookmark not defined.**
II. اظہار خیال اور ذات کی آزادی کا حق ____ **Error! Bookmark not defined.**
III. باضابطہ کاروائی کا حق ____ **Error! Bookmark not defined.**
IV. 18 سال اور زیادہ عمر کے طلبا کے اضافی حقوق ____ **Error! Bookmark not defined.**
V. طالب علم کی ذمہ داریاں ____ **Error! Bookmark not defined.**

**معاونت اور انضباطی کارروائیوں کی بتدریج مراحل** ____ Error! Bookmark not defined.

**معاونتیں اور مداخلتیں** ____ Error! Bookmark not defined.
مطلوبہ دستاویزات ____ **Error! Bookmark not defined.**
معاونتوں اور مداخلتوں کا فرہنگ الفاظ و معنی ____ **Error! Bookmark not defined.**

**بحالی کے طریق کار** ____ Error! Bookmark not defined.
اصلاحی طریقوں کا فرہنگ الفاظ و معنی ____ **Error! Bookmark not defined.**

**غنڈہ گردی اور تعصب پر مبنی طرز عمل سے نمٹنا** ____ Error! Bookmark not defined.
انسداد اور مداخلت ____ **Error! Bookmark not defined.**
غنڈہ گردی کیا ہے؟ ____ **Error! Bookmark not defined.**
غندہ گردی اختلاف نہیں ہے ____ **Error! Bookmark not defined.**

**تادیبی کاروائیاں** ____ Error! Bookmark not defined.
اسکول کے اندر تادیبی کارروائیاں ____ **Error! Bookmark not defined.**
معطلیاں اور استاد کے ذریعے خارج کیا جانا ____ **Error! Bookmark not defined.**

معذور طلبا کے لیے خصوصی تحفظات **Error! Bookmark not defined.**
بدعملی کی وجہ کی وضاحت کا جائزہ (MDR) **Error! Bookmark not defined.**
افعالی طرزِ عمل کی تشخیصات (FBAs) اور طرزِ عمل کی مداخلت کے منصوبے (BIPs) **Error! Bookmark not defined.**

**تادیبی کاروائی کے ردِ عمل 23**
اسکول کے اندر تادیبی کارروائیاں 23
کلاس روم سے استاد کے ذریعے اخراج 23
پرنسپل کی معطلی 23
مہتمم کی معطلی **Error! Bookmark not defined.**
عارضی اختیارات برائے مہتمم کی معطلیوں کے لیے چانسلر یا اجتماعی مہتمم کے ذریعے منظوری درکار ہے **Error! Bookmark not defined.**
معطلی کے دوران اور اس سے واپس آنے پر طلبا کے لیے معاونتیں **Error! Bookmark not defined.**

**اپیلیں اور منتقلیاں** Error! Bookmark not defined.
اپیلیں **Error! Bookmark not defined.**
منتقلی اختیارات **Error! Bookmark not defined.**

**ممنوع اشیأ: ہتھیار** Error! Bookmark not defined.
زمرہ I **Error! Bookmark not defined.**
زمرہ II **Error! Bookmark not defined.**

**بتدریج ضابطہ انضباط** Error! Bookmark not defined.
انضباطی ردعمل کا تعین **Error! Bookmark not defined.**

**خلاف ورزیوں کی بتدریج سطوح 29**
جہاں بھی اور جب بھی ضابطہ انضباط کا اطلاق ہوتا ہو 29
پری کنڈر گارٹن کے بچوں کی طرز عمل کی ضروریات سے خطاب کرنا 29

**ضابطہ انضباط کی خلاف ورزیاں: گریڈز K–5 30**
سطح 1 کی خلاف ورزیاں – غیر معاون / غیر تعمیلی طرزِ عمل 30
سطح 2 کی خلاف ورزیاں– غیر منظم طرزِ عمل 31
سطح 3 کی خلاف ورزیاں– غیر منظم طرزِ عمل 33
سطح 4 اور سطح 5 کے طرزِ عمل سے نمٹنا 35
سطح 4 خلاف ورزیاں– جارحانہ یا نقصان دہ / مضر طرز عمل 36
سطح 5 – نہایت خطرناک یا تشدد آمیز طرز عمل 39

اوپر واپس جائیں

## نصب العین کا بیان اسکول کے ماحول اور نظم و ضبط سے متعلق

ماضی میں جولائی 2015 کے اواخر میں، قیادتی ٹیم کی ایک تجاویز کو اختیار کرتے ہوئے de Blasio انتظامیہ نے ایک نیا "نصب العین کا بیان اسکول کے ماحول اور نظم و ضبط سے متعلق" (https://www1.nyc.gov/site/sclt/impact/impact.page) جاری کیا۔ نصب العین کا یہ بیان درج ذیل ہے۔

نیویارک شہر میئر کا دفتر، نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم اور نیویارک شہر محکمئہ پولیس کا ماننا ہے کہ شہر کے اسکولوں کو ایسے ماحول کو فروغ دینا چاہیے جو تدریس کے لیے سازگار ترین ہو۔ ہمارا یقین ہے کہ تمام بچے ایسے ماحول کے مستحق ہیں اور تمام بچوں میں سیکھنے اور کامیاب ہونے کی استعداد ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ سب سے پہلے اور لازماً، ہمارے اسکولوں کو محفوظ ہونا چاہیئے۔ اسکا یہ بھی مطلب ہے کہ انہیں محفوظ رکھنے میں، ہمیں ایک بچے کی تمام ضروریات کی تکمیل کرتے ہوئے انکا بنیادی کردار بطور ایک تعلیم حاصل کرنے کے جگہ کے برقرار رکھنا چاہیے۔

نیویارک شہر کا ماننا ہے کہ ضابطے کے ضرورت سے زیادہ تعزیری طریقِ کار طلبا کے بہترین مفاد میں نہیں ہیں، یہ اسکولوں کے تحفظ کی نشو ونما میں ناکام رہتے ہیں اور طلبا کے طویل مدتی استعداد کو ضرر پہنچا سکتے ہیں۔ تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ تادیبی کاروائی کا سامنا کرنے والے طلبا، اور جس اسکول میں وہ جاتے ہیں، وہ مثبت معاونتیں فراہم کرنے سے زیادہ مستفید ہوتے ہیں جو طلبا کو حصہ لینے اور سیکھنے کے لیے درکار سماجی، جذباتی اور طرزِ عمل کی صلاحیتیں سیکھاتی ہیں۔ اس لئے، نیویارک شہر اسکولی عملے اور حفاظتی عملے کو تحقیق پر مبنی بہترین طریقِ کار میں تربیت دے گا کہ یہ معاونتیں کیسے فراہم کی جائیں، بشمول خاص ضروریات کے حامل طلبا کو یا ان طلبا کو جو غریبی یا تشدد کا شکار ہونے کے باعث صدمے سے گزر رہے ہیں، افزودہ معاونتیں فراہم کرنا۔ یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ کچھ اسکولوں کو اضافی وسائل اور ساتھ ہی تربیت درکار ہوسکتی ہے، نیویارک شہر خاص طور پر زیادہ ضرورت مند اسکولوں کو ترقی پذیر نوعیت کا ضابطہ نافذ کرنے کے لیے درکار عملہ کی معاونت فراہم کرے گا۔ ہم بیک وقت اسکولی فضا اور تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے مقامی اور قومی نمونوں پر تعمیر کریں گے۔ اس طریقے سے، نیویارک شہر معطلی کا بطور ایک تادیبی وسیلے کے استعمال کم کرے گا اور معمولی اسکولی خراب طرزِ عمل کے لیے عدالتی حکم ناموں اور گرفتاریوں کے استعمال کو ختم کرے گا اور ساتھ ہی اسکولی حفاظت کو بڑھانا جاری رکھے گا۔

نیویارک شہر امتیازیت برداشت نہیں کرتا ہے اور طلبا کی تادیب میں اصل یا تصورکردہ نسل، رنگ، عقیدہ، عمر، مذہب، قومیت، قومی نژاد، غیر ملکی ہونے کی صورت حال، شہریت / نقل وطنی کی صورتِ حال، معذوری، عمر، جنسی رجحان، صنف (جنس)، جنسی شناخت، جنسی اظہار، یا وزن کی بنیاد پر عدم مطابقت اورعدم مساوات کو ختم کرنے کے لیے ہر وسیلہ استعمال کرے گا۔

اوپر واپس جائیں

## تعارف

طلبا اسکول میں کس طرح کا طرزِ عمل اختیار کرتے ہیں وہ ایک محفوظ اور پُراحترام اسکولی برادری قائم کرنے اور برقرار رکھنے میں ایک اہم عنصر ہے۔ مثبت طالبانہ طرزِ عمل کو فروغ دینے کے لیے، اسکولی برادری کے تمام تر ممبران — طلبا، عملہ، اور والدین — کو طرزِ عمل کے ان معیارات کو جاننا اور ان سے واقف ہونا چاہیے جن پر تمام طلبا سے پورا اترنے کی توقع کی جاتی ہے، برے طرزِ عمل سے نمٹنے کے لیے جن معاونتوں اور مداخلتوں کا استعمال کیا جائے گا اور ان معیارات کی تکمیل نہ کرنے کی تادیبی کاراوئیوں سے بھی۔

یہ اہم ہے کہ اسکول طرزِ عمل کے ان معیارات، K-12 طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا قانونی مسودہ (https://www.schools.nyc.gov/StudentRights)، اور NYCDOE انٹرنیٹ کی قابل قبولِ پالیسی برائے استعمال اور تحفظاتی پالیسی (IAUSP) (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/internet-acceptable-use-policy) کا طلبا کے ساتھ جائزہ لینے کے لیے علحیدہ وقت رکھیں۔ یہ جائزہ عمر کے لحاظ سے مناسب ہونا چاہیے تاکہ تمام طلبا اس طرزِ عمل کے بارے میں جانیں اور سمجھیں جس کی ان سے توقع کی جاتی ہے جب وہ اسکول میں ہوں، ان کے طبعی مقام سے قطعہ نظر اس میں یہ بھی شامل ہے کہ جب وہ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کا انٹرنیٹ نظام استعمال کر رہے ہوں۔ یہ خاص طور پر اہم ہے جب ابتدائی طفلی تعلیم گریڈز میں بچوں کے ساتھ کام کیا جائے، ان کی فروغ دہی کی گنجائش کو مدِنظر رکھتے ہوئے ان کے طرزِ عمل اور کارروائیوں کو سمجھنا۔ عمر سے قطعہ نظر، تمام طلبا کو، اسکولی برادری کی توقعات کے بارے میں گفتگو میں شریک کرنا چاہیئے اوران کو اپنے طرز عمل کے لیے کلاس روم کے "بنیادی اصول" تشکیل دینے میں سرگرم شرکا ہونا چاہیئے۔

تمام اسکولی ملازمین اور عملے کو واضح اور مستحکم طرزِ عمل کی توقعات کی توثیق کرنا ایک محفوظ، باترتیب، اور پُر احترام اسکولی برادری کی بنیاد رکھنے کے لیے اتنا ہی پراثر ہے۔۔ اسکولی ملازمین اور عملے کو طالبانہ طرزِ عمل سے مستحکم، منصف اور مربوط انداز میں نمٹنا چاہیئے جو طلبا کو انکی غلطیوں سے سیکھنے اور اپنے غلط طرزِعمل کے لیے جوابدہ ہونے کے قابل بنائے۔

اوپر واپس جائیں

## والدین بطور شراکت دار

*نوٹ: اس دستاویز میں، "والدین" سے مراد بچہ کے والدین یا سرپرست، یا بچہ کے ساتھ والدینی یا سرپرستی کے رشتے والا کوئی بھی شخص ہے۔ اس میں شامل ہیں: پیدائشی یا گود لینے والے والدین، سوتیلے والدین، قانونی طور پر تقرر کردہ سرپرست، قائم مقام والدین اور اسکول میں شرکت کرنے والے بچے کے ساتھ "والدینی رشتہ رکھنے والا فرد"۔ "والدینی رشتہ رکھنے والا فرد" سے مراد بچے کی نگہداشت کی ذمہ داری لینے والا فرد ہے کیونکہ بچے کے والدین یا سرپرست دستیاب نہیں ہیں، دیگر وجوہات کے علاوہ، چاہے موت واقع ہونے، جیل میں قید ہونے، دماغی مرض، ریاست سے باہر رہنے یا بچے کو اکیلا چھوڑ دینے کی وجہ۔

اسکولوں کو محفوظ بنانے میں طلبا، والدین اور اسکول کے عملے، سب کا ایک کردار ہے اور اس ہدف کے حصول کیلئے ایک ساتھ کام کرنا لازمی ہے۔ اسکول کے عملے کو والدین کو ان کے بچے کے طرز عمل سے باخبر رکھنا چاہیے اور تشویش کے معاملات سے نمٹنے میں والدین کو بطور شراکت دار شریک کرنا چاہیے۔ والدین تک پہنچ میں فون کال، بذات خود کانفرنس اور تحریری مواصلات شامل ہو سکتے ہیں، لیکن یہ ان تک محدود نہیں ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ والدین اہل ہیں، ان کی حوصلہ افزائی اور ان کی مدد کی جاتی ہے تاکہ وہ اسکولی ماحول کو محفوظ اور معاون بنانے میں سرگرم شراکت دار ہو جائیں، ان کو ضابطۂ انضباط سے واقف ہونا چاہیے۔ اسکولوں کو یہ اعانت فراہم کرنے کی تجویز کی جاتی ہے:

- اسکول کے افسران طلبا، والدین اور عملے کے ساتھ اس دستاویز کی معلومات کا اشتراک کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں۔ اسکولوں کی والدین کے لیے ضابطے کو سمجھنے اور اپنے بچے کی سماجی اور جذباتی نشونما کی معاونت کرنے کے لیے اسکول کے ساتھ بہترین انداز میں کس طرح کام کیا جائے ورکشاپ فراہم کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
- معلمین والدین کو ان کے بچے کے طرز عمل اور طالب علم کو اسکول اور سماج میں کامیاب ہونے کے لیے درکار صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کے بارے میں مطلع کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ طالب علم کے طرز عمل کو متاثر کرنے والے کسی بھی مسائل اور طالب علم کے ساتھ کام کرنے کی اثر پذیر حکمت عملیوں کے بارے بچے کے اساتذہ یا اسکول کے عملے کے ساتھ بات چیت کریں۔

یہ اہم ہے کہ اسکول اور گھر کے درمیان پُرمعنی مشاورت اور رابطہ ہو۔ اگر والدین کے ساتھ ابلاغ کرنے کے لیے ضروری ہو تو اسکولوں کو ترجمانی اور ترجمے کی خدمات کا انتظام کرنا لازمی ہے۔ رہنما کانفرنسوں جن میں پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ، اسکول کا ایک مشیر، طالب علم کے والدین، اور طالب علم کے ایک یا اس سے زیادہ اساتذہ شریک ہوتے ہیں یہ والدین کی رائے جاننے کی حوصلہ افزائی کا ایک وسیلہ ہیں اور ان انعقاد طلبا کے ساتھ کیا جانا چاہیئے، جب بھی مناسب ہو۔

جو والدین طلبا کے طرزعمل کی وجہ سے معاونتوں اور مداخلتوں پر بات کرنا چاہتے ہیں ان کو بچے کے اسکول بشمول والدین ربط دہندہ، یا، اگر ضروری ہے تو ضلعی دفتر کے خاندانی حمایت رابطہ کارسے رابطہ کرنا چاہیے۔ براہ کرم اپنے اسکول یا ضلع کے مناسب لوگوں سے رابطہ کرنے سے متعلق رہنمائی کے لیے درج ذیل ویب پیج کا استعمال کریں اور معلومات کے لیے ان کی رابطۂ معلومات دیکھیں۔ https://www.schools.nyc.gov/school-life/support/get-help.

ایسی صورت میں جب ایک طالب علم غیر مناسب طرزِ عمل کا مظاہرہ کرے جو ضابطۂ انضباط کی خلاف ورزی کرتا ہو، پرنسپل یا پرنسپل کے نامزد کردہ کو اس طرزِ عمل کے بارے میں والدین کو اطلاع کرنی چاہیے۔ جب کسی طالب علم کے بارے میں یہ یقین ہو کہ اس نے جرم کیا ہے تو پولیس اور اس کے والدین کو مطلع کرنا لازمی ہے۔ مزید معلومات کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-412 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) ملاحظہ کریں۔

### حاضری

اسکول میں حاضری طلبا کی تعلیمی پیشرفت اور کامیابی کے لیے بہت اہم ہے۔ اسکولی عملہ کو یقینی بنانا لازمی ہے کہ غیر حاضریوں کے پیٹرن کے لیے موزوں رسائی، مداخلت اور معاونتیں فراہم کی جائیں۔ اسکول کی حاضری یا طالبانہ فلاح و بہبود کمیٹی کو بچوں کے اسکول سے غیرحاضری، مسلسل غیرحاضری اور/ یا ناقابلِ معافی غیرحاضریوں کے معاملات پر غور کرنا چاہیے اور اس نظرثانی میں حاضری کے اساتذہ، ڈینز، رہنما مشیران، اساتذہ، سماجی کارکنان اور اسکول کے دیگر عملے کو بھی شامل کیا جانا چاہیے تاکہ کوئی حل تلاش کیا جا سکے۔

اسکول کے عملے کے لیے لازمی ہے کہ وہ درکار امداد اور مناسب کارروائی کے عمل کا تعین کرنے کے لیے طالب علم اور والدین سے ملاقات کریں جس میں یہ شامل ہو سکتے ہیں، لیکن اس تک محدود نہیں ہے: رہنمائی کی مداخلت، اہل خانہ کانفرنس، حوالہ برائے مشاورت، تعلیمی پروگرام میں تبدیلیاں، معاہدے، اور / یا تعلیم کا حوالہ یا بعد از اسکول پروگرام۔ متعدد انسدادی خدمات کے نمونے (https://www1.nyc.gov/site/acs/child-welfare/preventive-services.page) نیو یارک شہر بہبود اطفال کی خدمات کے ذریعے معاہدہ کردہ برادری پر مبنی تنظیموں کے ذریعے پیش کیے جاتے ہیں (https://www1.nyc.gov/site/acs/about/about.page). ان انتخابات سے واقف ہونے سے خاندانوں اور اسکولوں کو یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ غیرحاضری کے سبب کو ختم کرنے میں حفظ تقدم کی خدمت کتنی کارآمد ہو سکتی ہے۔

اسکول حاضری کی پالیسیوں کے مجموعے کو فروغ دینے اور شائع کرنے کے بھی ذمہ دار ہیں جن سے حاضری کے فوائد کے معیارات کا اشتراک ہوتا ہے اور جو غیرحاضریوں کا بھی تعین کرتی ہیں (یا تاخیری سے آمد کے واقعات) جنہیں قابلِ معافی سمجھا جاتا ہے، درکار دستاویز اور مناسب عذر مطلوب ہیں۔ مزید معلومات کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-210 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) ملاحظہ کریں۔

اوپر واپس جائیں

## طلبا کے مثبت طرز عمل کو فروغ دینا

اسکولی ثقافت اور فضا، طلبا کی تعلیمی پیش رفت اور ان کے ہمسروں اور بالغان کے ساتھ تعلقات پر گہرا اثر رکھتی ہیں۔ ہر اسکول سے ایک مثبت اسکول کی ایسی ثقافت کو فروغ دینے کی توقع کی جاتی ہے جو طلبا کو ایسا معاونتی ماحول فراہم کرے جس میں وہ تعلیمی اور سماجی دونوں طور پر نشو ونما پاسکتے ہیں۔

اسکولوں سے طلبا کے مثبت سماجی طرز عمل کی فروغ دینے کے لیے پر معنی کردار ادا کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ مؤثر سماجی - جذباتی آموزش تمام طلبا کے لیے اسکول کے ہمہ گیر انسدادی پروگراموں کا بنیادی جز ہونا لازمی ہیں۔ مؤثر سماجی جذباتی آموزش طلبا کو پُراثر زندگی کے لیے بنیادی صلاحتیں پیدا کرنے میں مدد دیتی ہے، بشمول:

- جذبات کو تسلیم کرنا اور منتظم کرنا
- دوسروں کے لیے شفقت اور تشویش رکھنا
- مثبت تعلقات قائم کرنا
- ذمہ دارانہ فیصلے کرنا
- دقت طلب صورتحال سے مثبت اور اخلاق انداز سے نمٹنا




جب طلبا ان صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہیں تو یہ ہمسروں کے ساتھ مزید مثبت تعلقات کے تجربے سے گزرتے ہیں، ثمرآور سماجی طرز عمل میں مشغول ہوتے ہیں اور ان کا برے طرز عمل میں ملوث ہونے کا امکان کم ہوتا ہے۔

یہ یقینی بنانے کے لیے اسکول پیما برائے معاونت کے ملٹی ٹیئرڈ کے نظام (MTSS) کا اجرا کرنا ضروری ہے کہ صحیح معاونت فراہم کی جا رہی ہے اور یہ کہ اسکول بتدریج نظم و ضبط کو نافذ کرتے ہیں۔ MTSS افہام ادراک کا جامع نظام ہے جو تمام طلبا کی چھان بین کرتا ہے اور ضرورت کے مطابق ابدافی مداخلتیں فراہم کرتا ہے۔ ان معاونتوں کا مقصد لچکداری اور دوستانہ سماجی صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے جن کی طلبا کو کلاس روم اور اس سے باہر کامیاب ہونے کی ضرورت ہے۔

اسکولی عملے کے ارکان ایسے نامناسب طرزِ عمل کی شناخت کرنے کے بھی ذمہ دار ہیں جو تدریس میں مخل ہوتا ہے۔ منتظمین، اساتذہ، مشیران اور اسکول کے دیگر عملے سے توقع کی جاتی ہے کہ تمام طلبا کو مداخلت اور انسداد کی حکمت عملیوں میں شامل کریں گے جو طلبا کے طرزِ عمل کے مسائل سے نمٹیں اور ان حکمت عملیوں پر طلبا اور ان کے والدین سے بات چیت کریں گے۔ طرزِ عمل کے بحران کی صورت حال کی شدت اور مداخلت کو کم کرنے سے متعلق مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم چانسلر کا ضابطہ A-411 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) ملاحظہ کریں۔

اگر، کسی بھی وقت، اسکول کے اہل کاروں کو یہ شبہہ ہوتا ہے کہ کسی طالب علم کی پریشانیاں کسی معذوری کا نتیجہ ہوسکتی ہیں جس کے لئے خاص تعلیمی خدمات درکار ہوں تو، طالب علم کو فی الفور کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE;https://www.schools.nyc.gov/specialeducation/help/committees-on-special-education) سے رجوع کرنے کا حوالہ دینا چاہئے۔ معذوری کے حامل طلبا کے لیے اضافی تحفظات کے لیے، صفحہ نمبر 22–21 بھی ملاحظہ کریں

طالب علم کی شمولیت، ایک ایسی مثبت اسکولی ثقافت قائم کرنے میں بہت ضروری ہے جو طالب علم کی سماجی / جذباتی فروغ دہی اور تعلیمی کامیابی کی نشو ونما دے۔ طلبا کو متعدد مثبت معاشرتی سرگرمیوں میں شامل کرنے کے لیے کے کثیر مواقع فراہم کرتے ہیں اور، ساتھ ہی، شفیق، حمایتی بالغان کے ساتھ تعلق منفی رویوں کے انسداد میں مدد کر سکتے ہیں۔ مثالوں میں شامل ہو سکتے ہیں:

- خیالات اور تشویشات بانٹنے اور اسکول پیما آغازکاریوں میں حصہ لینے کے پُرمعنی مواقع (مثلاً طالبانہ حکومت، باقاعدہ منعقد ہونے والے طلبا کے فورم؛ اسکول پیما اجتمائی خدمات کے پروجیکٹس وغیرہ)؛
- طالبانہ قیادت کی فروغ دہی؛
- اسکول بعد غیرنصابی سرگرمیاں (مثلاً طلبا کے کلبز، بشمول کھیلوں سے متعلقہ کلبز اور ٹیمیں، خدمت فراہم کرنے والی تنظیمیں وغیرہ)؛
- تعلیمی اورغیرنصابی سرگرمیوں کے ایک وسیع دائرہ کار میں طلبا کی کامیابیوں کی کبھی کبھار کی قدرشناسی۔

ایسے مواقع، انسدادی اور مداخلتی معاونتوں کے جامع رہنمائی پروگرام کے سمیت طلبا کو تجربے، حکمت عملیاں، صلاحتیں اور معاونت فراہم کرتے ہیں جو ان کی کامیابی کے لیے ضروری ہیں۔

اوپر واپس جائیں

## K–12 طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا قانونی مسودہ

نوٹ: K–12 طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا قانونی مسودہ آن لائن https://www.schools.nyc.gov/StudentRights پر شائع کر دیا ہے۔

### تمہید

نیویارک شہر کے پبلک اسکول طلبا، والدین اور عملے کے ارکان میں باہمی احترام کا رشتہ قائم کرنے کے خواہاں ہیں۔ ان کا ایک اور مقصد یہ ہے کہ طلبا کو اسکول کی برادری کے اندر کی اور باہر کی تمام سرگرمیوں میں شامل کیا جائے، اور ان کو شہری ذمہ داری اور اجتماعی خدمت کا احساس دلایا جائے۔ ہماری اسکولی برادری کے تمام ممبران میں تعاون کے ذریعہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے گا کہ ہر طلبا کو تعلیم حاصل کرنے کا ایک خوشگوار تجربہ حاصل ہو اور اس کا تعلیمی معیار اعلیٰ ترین درجے کا ہو۔ جب طلبا ایک متنوع معاشرے کے ایک ثمر آور شہری بننے کی کوشش کررہے ہوں گے یہ دستاویز رہنمائی کا کام دے گی۔

### I. پبلک اسکولوں میں مفت تعلیم حاصل کرنے کا حق

پبلک اسکول میں مفب تعلیم حاصل کرنا "طلبا کا بنیادی حق" ہے جس کی تمام بچوں کے لئے ضمانت دی گئی ہے۔ طلبا کو حق ہے کہ:

1. وہ اسکول میں حاضر ہوں اور قانون کے مطابق، کنڈرگارٹن سے 21 سال کی عمر تک یا ہائی اسکول کے ڈپلومہ حاصل کرنے تک جو بھی پہلے واقع ہو، پبلک اسکول میں مفت تعلیم حاصل کریں؛ جن طلبا کے بارے میں یہ تعین کیا گیا ہے کہ وہ کثیر لسانی متعلمین ہیں قانون کے مطابق انہیں دولسانی تعلیم حاصل کرنے کا یا انگریزی بحیثیت دوسری زبان کے پروگرام میں جانے کا حق ہے؛ معذوری کے حامل طلبا جن کا تعین بطور خاص تعلیم کے ضرورت مند طلبا کے کی گئی ہے انہیں قانون کے مطابق 3 سے 21 سال کی عمر تک پبلک اسکول کی موزوں تعلیم مفت حاصل کرنے کا حق ہے؛
2. وہ ایک ایسے محفوظ اور مدد گار تعلیمی ماحول میں تعلیم ماحول میں ہوں، جو کہ امتیاز، ایذا رسانی، غنڈہ گردی اور تعصب سے پاک ہے، اور اگر ان کو احساس ہو کہ وہ اس رویہ کا شکار ہوئے ہیں تو یہ ایک شکایت درج کروا سکیں (چانسلر کا ضابطہ A-830, A-831, A-832, A-420 اور A-421 https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) پر ملاحظہ کریں؛
3. اصل یا ادراکی عمر، نسل، مسلک، رنگ، جنس، جنسی شناخت (جس میں طلبا کے جنسی شناخت کے مطابق بیت الخلا اور لاکر روم استعمال کرنے کا حق اور نام کے تلفظ کے ساتھ پکارا جانا جو ان کی جنسی شناخت کے ساتھ مربوط ہو) جنسی اظہار، مذہب، قومی نژاد، شہریت / نقل وطنی کی حیثیت، وزن، جنسی رجحان، جسمانی اور / یا جذبانی صورتحال، معذوری، ازدواجی حیثیت اور سیاسی اعتقاد سے قطع نظر دوسروں کی شائستگی اور احترام حاصل کریں۔
4. اسکول کی پالیسیوں اور طریق کاروں کی تحریری نقل وصول کریں، جس میں طلبا کی تعلیمی معاونت کرنے کے لیے طرز عمل کی شہر پیما توقعات (جس میں ضابطۂ انضباط؛ https://www.schools.nyc.gov/DCode) اور نیویارک شہر محکمۂ تعلیم برائے (NYCDOE) K–12 طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کا قانونی مسودہ (https://www.schools.nyc.gov/StudentRights) بھی شامل ہوں، یہ تحریر اسکولی سال کی ابتدا میں یا تعلیمی سال کے دوران داخلے کے وقت فراہم کی جانی چاہئے؛
5. ڈپلومہ کے مطلوبات سے مطلع کیا جائے بشمول کورسز اور امتحانات کے اور ان مطلوبات کی تکمیل کرنے میں مدد حاصل کرنے سے متعلق معلومات فراہم کی جائے؛
6. مطلوبہ صحتیاتی، ذہنی اور زبان کی جھان بین کے امتحانات کے بارے میں مطلع کیا جائے؛
7. انہیں اسکول میں دستیاب کورسز اور پروگراموں سے آگاہ کیا جائے اور اختیاری مضامین کے انتخاب کے بارے میں ان کی مرضی پوچھی جائے؛
8. انہیں پیشہ ورانہ طریقہ سے تدریس فراہم کی جائے؛
9. اسکول کی طرف سے پیش کئے جانے والے ہر مضمون اور / یا کورس کے لئے گریڈ دینے کے دائرہ کار سے آگاہ کیا جائے اور مکمل کئے گئے اسکول کے کام کے لئے رائج طریق کار کی بنأ پر گریڈ دیئے جائیں؛
10. ان کو ان کی تعلیمی پیش رفت کے بارے میں بتایا جائے، وقتا فوقتا ان کی تشخیص کی جائے دونوں غیر رسمی اور رسمی پیشرفت کی رپورٹوں کی شکل میں؛
11. بروقت آگاہ کیا جائے کہ اسی کلاس میں رہ جانے یا کسی کورس میں فیل کردئے جانے کا امکان ہے؛
12. اسی گریڈ میں روکے جانے یا فیل کیے جانے والے گریڈ کے متعلق اپیل کرنے کےحق سے آگاہ کیا جائے؛
13. اسکولی نظام میں طلبا کا ریکارڈ رکھنے میں رازداری سے کام لیا جائے؛
14. درخواست یا والدین کی درخواست پر ان کی رابطہ معلومات کو اعلٰی تعلیم کے اداروں اور / یا فوج میں بھرتی کرنے والوں سے پوشیدہ رکھی جائے؛ (طلبا اور والدین کے حقوق کی حفاظت کرنے کے لیے یہ تعین کریں کہ طلبا کی معلومات فوج کو کس طرح دی جائے، وہ اسکول جو (Armed Services Vocational Aptitude Battery, ASVAB) منعقد کریں گے وہ طلبا کے اسکورز فوج بھرتی کرنے والوں کو فراہم نہیں کریں گے بشرطیکہ والدین اور طالب علم دونوں تحریری اجازت دیں۔)
15. ذاتی، سماجی، تعلیمی، طرزِ معاش یا پیشہ ورانہ ترقی سے متعلق معلاملات میں رہنمائی، مشاورت یا صلاح حاصل کریں۔

## II. اظہار خیال اور ذات کی آزادی کا حق

نیویارک شہر محکمٔہ تعلیم کے طے پالیسیوں اور شدہ قوائد کے مطابق طلبا کو اس حق کی ضمانت دی گئی ہے کہ انہیں اپنے خیالات کا اظہار کرنے، مختلف کاموں کی حمایت کرنے اور ان کے حق میں منظم ہونے، جمع ہو کر کسی معاملہ پر غور کرنے اور پُرامن اور ذمہ دار طریقہ سے مظاہرے کرنے کی آزادی ہوگی۔ طلبا کو یہ حق حاصل ہے کہ:

1. وہ طلبا کی ایک نمائندگی کرنے والی انتظامیہ (حکومت) قائم کریں، اس کو فروغ دیں اور اس میں شامل ہوں؛
2. وہ یکساں رسائی کے قانون کی شرائط کی مطابق طلبا کی تنظیمیں، سماجی اور تعلیمی کلبز یا ٹیمیں اور سیاسی، مذہبی اور فلسفیانہ گروپ منظم کریں، ان کو فروغ دیں اور ان میں شامل ہوں؛
3. ان کو اسکول پیما ایسی مناسب کمیٹیوں میں نمائندگی دی جائے جن کا تعلیمی عمل پر اثر پڑتا ہو اور جہاں قابل اطلاق ہو ان کو ووٹ دینے کا حق بھی دیا جائے؛
4. صحافت کے ذمہ دارانہ طریقوں کے مطابق اور تدریسی اہمیت کی بنأ پر واجب پابندیوں میں رہتے ہوئے وہ اسکولوں کے اخبار اور خبر نامے شائع کریں جن میں وہ اسکول کی زندگی کی عکاسی کرسکیں اور طلبا کی تشویشات اور نقطہء نظر کا اظہار کرسکیں؛
5. اسکول کے املاک پر، بشمول برقیاتی اشاعت، اخبار، ادبی اشاعتیں یا سیاسی اشتہار تقسیم کریں، وقت، مقام اور طریقہ تقسیم سے متعلق اسکول کی جانب سے طے کئے گئے رہنمائی خطوط پر عمل پیرا ہوتے ہوئے، ماسوا اس کے کہ یہ مواد توہین آمیز، فحش یا تجارتی نوعیت کا ہو اور اس سے اسکول کے کام میں خلل اندازی یا بہت بدنظمی پیدا ہو اور دوسروں کے حقوق پامال ہوتے ہوں؛
6. وہ سیاسی یا دیگر نوعیت کے بٹن، بیج یا بازو بند پہن سکتے ہیں بشرطیکہ وہ توہین آمیز اور فحش نہ ہوں، ان سے اسکول کے کام میں زیادہ خلل نہ پڑتا ہو، اسکول میں بہت بدنظمی نہ پیدا کرتے ہوں اور دوسروں کے حقوق پامال نہ کریں؛
7. وہ اسکول کے اندر بولیٹن بورڈوں یا اسکول کی ویب سائٹ پر نوٹس چسپاں کرسکتے ہیں بشرطیکہ وہ اسکول کی طرف سے طے کئے گئے رہنمائی خطوط کے مطابق ہوں، توہین آمیز، فحش، تجارتی نوعیت کے نہ ہوں اور ان سے اسکول کے کام میں خلل نہ پڑتا ہو، بہت بدنظمی نہ پیدا کرتے ہوں اور دوسروں کے حقوق پامال نہ کریں؛
8. اسکول کے یونیفارم سے متعلق NYCDOE کی پالیسی کی حدود کے اندر وہ اپنے یونیفارم کا خود فیصلہ کرسکتے ہیں اور جو ان کے مذہبی عقیدے کے ہم آہنگ ہو بشرطیکہ ان کا لباس خطرناک نہ ہو اور اس سے تعلیم و تدریس کے عمل میں خلل نہ پڑتا ہو؛
9. وہ خود، اور ان کی ملکیت محفوظ ہوں اور وہ ایسی ذاتی چیزیں اسکول کی عمارت کے اندر لے جاسکیں جو جائز طور پر اسکول میں استعمال کی جاسکتی ہوں؛
10. ان کی غیر مناسب اور بلا امتیاز تلاشیاں نہ لی جائیں؛ بشمول جسمانی تلاشیاں؛
11. (چانسلر کے ضابطہ A-420 اور A-421؛ https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations کے مطابق) ان کو جسمانی یا زبانی سزائیں نہ دی جائیں؛
12. وہ وفاداری کے حلف کی رسم میں شامل ہونے یا اس حلف کے لئے کھڑے ہونے سے انکار کریں۔

## III. باضابطہ کاروائی کا حق

ہر طالب علم کو حق ہے کہ اس دستاویز میں بیان کئے گئے حقوق کے مطابق اس سے منصفانہ سلوک کیا جائے۔ طلبا کو یہ حق حاصل ہے کہ:

1. ضابطۂ انضباط (https://www.schools.nyc.gov/DCode) اور اسکول کے قوائد و ضابطے کے ساتھ فراہم کیا جانا چاہیئے؛
2. انہیں معلوم ہو کہ کیسا طرزِ عمل مناسب ہے اور کونسے طرزِ عمل تادیبی کارروائیوں کا نتیجہ بن جائیں گ؛
3. اسکول میں ان کے طرزِ عمل سے متعلق معاملات کے لیے پیشہ ور عملہ سے صلاح دستیاب ہو کیونکہ ان کا اثر طالب علم کی تعلیم اور بہبود پر ہوتا ہے؛
4. انہیں معلوم ہو کہ مخصوص خلاف ورزیوں کے کیا ممکنہ نتائج برآمد ہوں گے؛
5. اسکول کے قواعد کی مبینہ خلاف ورزی جس کے نتیجے کے طور پر انہیں معطل کردیا جائے یا ان کے استاد کی طرف سے کلاس سے خارج کردیا جائے تو ایسے معاملات میں مناسب انضباطی کاروائیوں پر عمل کیا جائے؛ معذوری کے حامل طلبا، یا جن کو "معذوری کا حامل سمجھا جاتا ہے" ان کو معذور اشخاص کی تعلیم کا ایکٹ (IDEA) کے تحت مخصوص تحفظات حاصل ہیں۔
6. اسکول کے قواعد کی مبینہ خلاف ورزی جس کے نتیجے کے طور پر انہیں معطل کردیا جائے یا ان کے استاد کی طرف سے گریڈ سے خارج کردیا جائے تو ایسے معاملات میں مناسب تادیبی کارروائیوں پر عمل کیا جائے؛ معذوری کے حامل طلبا، یا جن کو "معذوری کا حامل سمجھا جاتا ہے" ان کو IDEA کے تحت مخصوص تحفظات حاصل ہیں۔
7. اسکول کے عہدہ داران اگر کوئی کارروائیاں کرتے ہیں یا فیصلے کرتے ہیں تو اس دستاویز میں بیان کی گئی طلبا کے حقوق اور ذمہ داریوں کے مطابق طلبا کو معلوم ہونا چاہئے کہ ان کے خلاف اپیل کرنے کے قواعد کیا ہیں؛
8. ان کانفرنسوں اور سماعتوں میں اپنے والدین اور / یا اپنے کسی نمائندے کو ساتھ لانا چاہیئے؛
9. جہاں کہیں پولیس کی دست اندازی ہو رہی ہو وہاں اسکول کا عملہ موجود ہو؛

## IV. 18 سال اور زیادہ عمر کے طلبا کے اضافی حقوق

وفاق خاندانی تعلیم حقوق اور رازداری قانون18 [Family Educational Rights and Privacy Act ("FERPA")] سال کی عمر کے ہوچکے طلبا کو طالب علم کے تعلیمی ریکارڈ کے ضمن میں مخصوص حقوق عطا کرتا ہے۔

18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے طلبا کو چانسلر کا ضابطہ A-820 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) میں طے شدہ طریقوں کے مطابق، نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم (NYCDOE) کو طالب علم کی درخواست موصول ہونے کے دن سے 45 دنوں کے اندر بذات خود اپنے تعلیمی ریکارڈ طلب، معائنہ اور اس پر نظرثانی کرنے کا حق حاصل ہے۔

18 سال اور زیادہ عمر کے طلبا کو چانسلر کا ضابطہ A-820 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) میں طے شدہ طریقوں کے مطابق، یہ درخواست کرنے کا حق ہے کہ ایسی صورت میں ان کے تعلیمی ریکارڈز تبدیل کیے جائیں جب انہیں یقین ہو کہ وہ غلط، گمراہ کن، یا بصورت دیگر FERPA کے تحت ان کے رازداری کے حقوق کے برخلاف ہیں۔

18 سال اور زیادہ عمر کے طلبا کو اپنے تعلیمی ریکارڈوں میں ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کو افشا کرنے کی اجازت فراہم کرنے کا حق ہے، سوائے مخصوص صورتوں کے جب FERPA منظوری کے بغیر افشا کی اجازت دیتا ہے، بشمول درج ذیل:

- اس اسکولی عملہ کے سامنے افشا کرنا ہے جسے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داری کی تکمیل کے واسطے کسی تعلیمی ریکارڈ کا تجزیہ کرنا ہوتا ہے۔ NYCDOE کے ذریعہ ملازم افراد (جیسے منتظمین، نگراں، اساتذہ، دیگر معلمین، یا معاون عملہ کے اراکین)، ساتھ ہی وہ افراد جنہیں NYCDOE نے ایسی خدمات یا اعمال انجام دینے کے لئے ملازم رکھا ہے جنہیں انجام دینے کے لئے بصورت دیگر اسے اپنے ہی ملازمین کو استعمال کرنا پڑتا (جیسے ایجنٹ، ٹھیکیداران، اور صلاح کاران) اسکولی عملہ کی مثال میں شامل ہیں، اور جو تعلیمی ریکارڈ میں ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کے متعلق براہ راست NYCDOE کے تحت کام کرتے ہیں۔

- کسی دوسرے اسکولی ضلع کے عملہ کی درخواست پر ان کے سامنے افشا کرنا جس ضلع میں طالب علم اندراج کروانے کی کوشش کر رہا ہے، یا اندراج کروانے کا ارادہ ہے، یا پہلے سے ہی مندرج ہے بشرطیکہ یہ افشا طالب علم کے اندراج یا منتقلی کے مقاصد کے لئے ہو۔

- بغیر اجازت ذاتی قابلِ شناخت معلومات کو ظاہر کرنے کی اجازت دینے والے دیگر استثنأات میں افشا کرنے کے مخصوص عمل شامل ہیں:

1. جانچ پڑتال، تشخیصات، یا دیگر مخصوص سرگرمیوں کے لیے منظور شدہ سرکاری نمائندہ شخصیات اور افسران کو؛
2. مالی امداد سے متعلق جس کے لیے طالب علم نے درخواست دی ہے یا جو طالب علم نے وصول کی ہے؛
3. NYCDOE کے لیے، یا اس کی طرف سے تحقیق کو سرانجام دینے والی تنظیمیں؛
4. اپنے ذمہ داریوں کو سرانجام دینے کے لیے قابل اعتماد تنظیموں کو؛
5. اگر طالب علم انٹرنل ٹیکس ریوینیو سروسز (IRS) ٹیکس کی مقاصد کے لیے کسی کا پر منحصر ہے تو 18 سال اور اس زیادہ عمر کے طلبا کے والدین کو؛
6. عدالتی حکم یا قانونی طور پر جاری کردہ حاضر ہونے کے حکم کی تعمیل کرنے کے لیے؛
7. صحت یا حفاظتی ہنگامی صورت کے لیے ا موزوں افسراں کو؛ اور
8. وہ معلومات جسے NYCDOE "ڈائریکٹری معلومات" کے طور پر تعین کیا گیا ہے۔ ان افشا کرنے کے اعمال کی اقسام میں ذیادہ تر کی اضافی مطلوبات اور حدود ہوتی ہیں۔ ان کے متعلق مزید معلومات کیلئے براہ کرم FERPA اور چانسلر کے ضابطے A-820 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) ملاحظہ کریں۔

18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طلبا کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ان افشا کے ریکارڈ کو دیکھ سکیں جس کا تقاضا FEPRA کرتا ہے جب کوئی ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات کی راز افشائی وقوع پذیر ہوتی ہے۔ تاہم اسکول پابند نہیں ہیں کہ وہ اسکول کے حکام، عدالتی احکام یا قانونی حاضری نا مے یا ڈائریکٹری معلومات کی افشائی اور 18 سال یا اس بڑی عمر کے طلبا اور ان کے والدین کو معلومات افشائی کا انداراج بھی رکھیں۔

18 سال اور زیادہ عمر کے طلبا کو اگر لگتا ہے کہ NYCDOE نے FERPA کے مطلوبات کی تعمیل نہیں کی ہے تو انہیں ریاستہائے متحدہ محکمۂ تعلیم کے پاس شکایت درج کروانے کا حق ہے۔ FERPA کا انتظام دیکھنے والے دفتر کا نام اور پتہ درج ذیل ہیں:

Family Policy Compliance Office
US Department of Education
400 Maryland Avenue, SW
Washington, DC 20202-5920
فون: 1-800-USA-LEARN (1-800-872-5327)

## .VII طالب علم کی ذمہ داریاں

اس دستاویز میں قائم کردہ حقوق ہر طالب علم کی طرف سے کیے جانے والے ذمہ دار طرزِ عمل معاونت کرتے ہیں۔ ان ذمہ داریوں میں سے کچھ کی خلاف ورزی کی پاداش میں ان کے خلاف ضابطہ انضباط (https://www.schools.nyc.gov/DCode) کے مطابق کارروائی کی جا سکتی ہے۔ اگر طلبا اپنی ذمہ داریاں پوری طرح قبول کر لیں اور ساتھ ہی اپنے حقوق کا استعمال بھی کرتے رہیں تو اس طرح ان کو اپنی اور سماج کی بھی خدمت کرنے کا بہتر موقع مل سکے گا۔ طلبا کی ذمہ داری ہے کہ:

1. اسکول میں باقاعدہ اور وقت پر حاضر ہوں اور اچھی تعلیمی کارگزاری دکھانے کی ہر ممکن کوشش کریں؛
2. ضروری اشیأ کے ساتھ کلاس کے لئے تیار رہیں اور نصابی کتابوں اور اسکول کے ساز و سامان کو اچھی طرح رکھیں؛
3. کلاس روم اور اسکول کی عمارت میں داخل ہونے یا اخراج سے متعلق اسکول کے قواعد پر عمل کریں؛
4. اسکول کے ماحول کو ہتھیاروں، غیر قانونی منشیات، ممنوعہ اشیأ یا شراب سے پاک رکھنے میں مدد دیں؛
5. اس طرح برتاؤ کریں جس سے محفوظ تعلیمی ماحول میں اضافہ ہو اور جس سے دوسرے طلبا کے حصول تعلیم کے حق کی خلاف ورزی نہ ہو؛
6. اسکول کے حکام کے ساتھ ان امور کی معلومات کا اشتراک کریں جو اسکول کمیونٹی کے ممبران کی صحت اور فلاح و بہبود کو خطرے میں ڈال سکتے ہوں؛
7. دوسروں کے وقار اور یکسانیت کا احترام کریں اور ایسی حرکات سے گریز کریں جن سے دوسرے اپنے حقوق سے محروم ہوتے ہوں یا ان پر برا اثر پڑتا ہو؛
8. اسکول کی املاک کا احترام کریں اور کسی دیگر عوامی یا ذاتی، دونوں، املاک کو بھی نقصان نہ پہنچائیں؛
9. اصل یا ادراکی عمر، نسل، مسلک، رنگ، جنس، جنسی شناخت، جنسی اظہار، مذہب، قومی نژاد، وزن، شہریت / نقل وطنی کی حیثیت، جنسی رجحان، جسمانی اور / یا جذباتی صورتحال، معذوری، ازدواجی حیثیت اور سیاسی اعتقادات سے قطع نظر دوسروں کے تئیں نرم، شائستہ، اور باادب رہیں اور ان معیارات کی بنیاد پر آوازیں کسنے سے گریز کرنا؛
10. طلباء اور اسکول کے عملہ کے لئے شائستگی، صداقت اور تعاون کے رویے کا مظاہرہ کریں؛
11. اسکول کمیونٹی کے ممبران کے درمیان اچھے انسانی تعلقات کو فروغ دیں اور آپس میں اچھی سمجھ قائم کریں؛
12. تنازعات کو حل کرنے کے لیے اختلافات کے حل کے طریقے استعمال کریں؛
13. طلبا کی حکومت کے انتخابات میں شامل ہوں اور ان میں ووٹ دیں؛
14. طلبا کی حکموت کو ایک پُرمعنی ادارہ بنا کر تعمیری رہنمائی مہیا کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ شمولیت کی حوصلہ افزائی ہوسکے؛
15. طلبا کی جسمانی، سماجی اور ثقافتی دلچسپیوں اور ضرورتوں کی نمائندگی کرنے کے لئے کئی قسم کے غیر نصابی پروگرام وضع کرنے میں اسکول کے عملہ کے ساتھ مل کر کام کریں؛
16. ذمہ دارانہ صحافت کے اخلاقی ضابطہ کے پابند رہیں؛
17. اسکولی برادری سے اپنے تعلقات کے دوران زبانی، تحریری یا کسی اور ذریعہ بشمول الیکٹرانک اظہار سے فحش اور توہین آمیز باتیں کرنے سے گریز کریں؛
18. اپنے خیالات کا زبانی، تحریری یا کسی اور ذریعہ بشمول الیکٹرانک اظہار کو اس طرح کریں جس سے تعاون کو فروغ ملے اور تعلیمی عمل میں خلل نہ پڑے؛
19. اجتماع میں پُرامن طور پر شامل ہوں اور جو طلبا شامل نہ ہونا چاہتے ہوں ان کے فیصلے کا احترام کریں؛
20. اپنی وہی ذاتی چیزیں اسکول لے کر آئیں جو محفوظ ہوں اور جن سے تعلیمی ماحول میں خلل نہ پڑے؛
21. اسکول کے جمنیزیئم، جسمانی تعلیم کی کلاسوں، لیبارٹریوں اور دکانوں میں لباس اور سرگرمیوں کے لیے قائم کردہ ہدایات کی تعمیل کریں؛
22. اسکول کے ضابطۂ انضباط (https://www.schools.nyc.gov/DCode) سے واقف رہیں اور اسکول کے قوانین اور قواعد و ضوابط کی تعمیل کریں؛
23. اسکول کی طے شدہ پالیسیوں اور طور طریقوں پر عمل کرنے کے لئے دیگر طلبا کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے ہنمائی فراہم کریں؛
24. والدین کو اسکول کے معاملات، بشمول اسکول میں ہو رہی پیش رفت اور وہاں منظم کی جارہی سماجی اور تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں آگاہ رکھیں اور اگر اسکول کے عملہ کی جانب والدین تک پہنچانے کے لئے ان طلبا کے ہاتھ کوئی مراسلہ وغیرہ بھیجا جائے تو والدین تک اسکا پہنچنا یقینی بنائیں۔

اوپر واپس جائیں

## معاونت اور انضباطی کارروائیوں کی بتدریج مراحل

نیچے دی گئی معاونتوں اور انضباطی کارروائیوں کی نامناسب طرزِ عمل کے مراحل کی خاکہ کشی کرتی ہے۔ طالب علم کے برے رویے سے ہر ایک انفرادی صورت حال کی بنیاد پر نمٹنا چاہیے۔ تمام صورت حال میں، موزوں مداخلتی اقدامات اور/ یا انضباطی ردِعمل کے اطلاق میں بہت سے عناصر کو مد نظر رکھنا چاہیے جن میں غلط رویے کی نوعیت اور سنگینی شامل ہیں۔ کچھ مخصوص حالات میں، طالب علم کے تعاونات اور مداخلتوں کا استعمال اندرون اسکول کی انضباطی کارروائیوں کے لیے یا اس کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔ کچھ صورت حال میں، کسی طالب علم کے غلط رویے کو، معاونتوں اور مداخلت کے ساتھ ساتھ، کسی ابدائی یا غیر معمولی انضباطی ردعمل سے نمٹنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

**.1 خراب طرزِ عمل کے لیے متوازی معاونت اور تادیبی ردِ عمل**

اگر طالب علم برا طرز عمل اختیار کرتا ہے تو طالبِ علم کے غیرمناسب رویے اور/ یا بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تادیبی کاروائی کے ساتھ معاونتی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ سماجی جذباتی نشونما اور سماج دوستانہ طرز عمل کو پروان چڑھانا اور مستقبل میں برے طرز عمل سے اجتناب کرنا ہدف ہے۔

**.2 تمام طلبا کے لیے ہمہ کار انسداد**

اسکول طلبا کے مثبت طرز عمل کو پروان چڑھانے کے لیے ایک مکمل اسکول کے طریقے کو استعمال کرتا ہے۔ سماجی جذباتی تعلیم کو نصاب میں مربوط کیا گیا ہے۔ عملہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے معمول میں ملاقات کرتا ہے کہ طلبا کی معاونت کا جامع پروگرام موجود ہے جس میں صلاح کاری خدمات، رہنمائی، سماجی اور جذباتی تعلیم کے مواقع، طلبا کو مشغول کرنے کے مواقع، اور طرز عمل کے انسداد اور مداخلت کی معاونت شامل ہے تاکہ طالب علم کے سماج دوستانہ طرزعمل کی فروغ دہی، لچکداری کی فروغ دہی اور طالب علم کے اسکولی برادری کے ساتھ مثبت تعلق تعمیر کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ انسداد، مداخلت اور / یا معاونتوں کے ضرورت مند طلبا کی قبل از وقت نشان دہی کرنے کے لیے اسکول کے پاس ایک نظام موجود ہے۔

**.3 ابتدائی ردِ عمل**

جب کسی طالب علم کو دشواری کا سامنا ہوتا ہے یا بد اعمالی کا مظاہرہ کرتا ہے تو استاد والدین سے رابطہ کرتا ہے، اور طرز عمل کی نوعیت اور شدت اور طالب علم کی عمر اور بالغ ہونے کی سطح کی بنیاد پر، ذیل میں سے کوئی ایک یا اس زائد اقدامات کر سکتا ہے: اس میں طالب علم کے ساتھ کانفرنس، طالب علم کو اسکول مشیر، طلبا کی فلاح و بہبود کی ٹیم (PPT)، اور / یا ڈین کے دفتر کا حوالا دیتا ہے۔

**.4 معاونتوں اور مداخلت کے انتخابات کے لیے (صفحہ نمبر 15 -13 ملاحظہ کریں)**

حروف تہجی کی ترتیب میں:

a. باہمی طور پر مسائل حل کرنا
b. سماجی خدمت (والدینی اجازت کے ساتھ)
c. اختلافات کا حل
d. انفرادی طرزِ عمل کے معاہدے کی فروغ دہی
e. افعالی طرزِ عمل کی تشخیص (FBA) / طرزِ عمل مداخلت منصوبہ (BIP) کے لیے (صفحہ نمبر 22 ملاحظہ کریں)
f. رہنمائی کانفرنسیں
g. طبی تعلیم
h. انفرادی / گروہی مشاورت
i. انفرادی معاونت منصوبہ (ISP)
j. مشاورتی عملہ کی مداخلت
k. صلاح کاری
l. والدین تک رسائی
m. مثبت طرزِ عمل کی مداخلتیں اور معاونتیں
n. منشیات کے استعمال پر موزوں مشاورتی خدمات کا حوالہ
o. برادری پر مبنی تنظیم (CBO) کا حوالہ
p. غنڈہ گردی، ڈرانے، یا ہراساں کرنا بشمول تعصب پر مبنی غنڈہ گردی، ڈرانا، یا ہراساں کرنے کی مشاورتی خدمات کا حوالہ
q. نوجوانان میں تعلقاتی مذموم برتاؤ یا جنسی تشدد کے لیے مشاورتی خدمات کا حوالہ
r. ذہنی صحت کے لیے معاونتی خدمات کا حوالہ
s. طالبانہ فلاح و بہبود ٹیم (پیوپل پرسنل ٹیم) (PPT) کا حوالہ
t. منشیات کے استعمال کے انسداد اور مداخلت کے ماہرین (SAPIS) کے پروگرام کا حوالہ
u. بحالی کے طریقِ کار (صفحہ نمبر 17-16 پر بھی ملاحظہ کریں)
v. پیش رفت کی قلیل مدتی رپورٹس
w. سماجی جذباتی تعلیم

مہتمم کی معطلی پیش کرنے والے طلبا کو ایک متبادل تدریسی مقام پر طالبانہ خدمت فراہم کی جاتی ہے۔ مقام اور طالب علم کے ہوم اسکول کے مابین رابطہ قائم کیا جاتا ہے تاکہ اس کی تعلیمی ترقی اور واپسی پر کامیاب منتقلی کو یقینی بنایا جاسکے۔

**.5 انضباطی کارروائیوں کے انتخابات**

- **اسکول میں تادیبی ردِعمل (ردِ عملوں) کا دائرہ کار**
  - a. خراب طرزِ عمل سے نمٹنے اور اس کے اثر کے بارے میں معلمانہ اسکولی عملے کی طالب علم سے ملاقات
  - b. طالب علم / استاد کانفرنس
  - c. خراب طرزِ عمل سے نمٹنے اور اسکے اثر کو سمجھنے کے بارے میں طالب علم کی موزوں نگران (مثلاً نائب پرنسپل، پرنسپل) سے رسمی ملاقات
  - d. والدین کے ساتھ کانفرنس
  - e. اسکول کی اندرونی انضباطی کارروائی (مثلا رسمی بحالی کانفرنس، غیر نصابی سرگرمیوں یا اجتماعی لنچ سے اخراج)
- **استاد کے ذریعے یا پرنسپل کے ذریعے معطلی کے لیے (صفحہ نمبر 23–21 ملاحظہ کریں)**
  - f. استاد کے ذریعے کلاس سے خارج کیا جانا
  - g. پرنسپل کے ذریعے معطلی ( 5 اسکولی دنوں تک)
- **مہتمم کی معطلی (صفحہ نمبر 25-24 ملاحظہ کریں)**
  - h. فوری بحالی
  - i. 10-6 اسکولی دن
  - j. 15-11 اسکولی دن
  - k. 20 -16 تعلیمی دن* (صرف سطح 4 اور 5 کی خلاف ورزیوں کے لیے)

*20 دن سے زائد مہتمم کی معطلیاں صرف قانون کے مطابق یا سطح 5 کی ان خلاف ورزیوں کے لیے نافذ ہوں گی جو سنگین طور پر خطرناک اور / یا تشدد آمیز طرزِ عمل میں اس جگہ ملوث ہوتی ہیں جہاں معاملات لمبی معطلی کے نفاذ کا تقاضا کرتے ہیں۔ 20 تعلیمی دنوں سے زیادہ معطلیوں کے لیے دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان فروغ دہی کے سینئر ایگزیکیوٹو ڈائریکٹر یا چانسلر یا اجتماعی مہتمم یا ان کے نامزد کردہ کی منظوری درکار ہے۔ مزید معلومات کے لیے صفحہ 25–24 ملاحظہ کریں۔

اوپر واپس جائیں

## معاونتیں اور مداخلتیں

معاونتیں اور مداخلتیں برے طرزِ عمل کے جواب میں ایک جامع کاروائی کا ایک اہم حصہ ہیں۔ اسکولوں سے تادیبی کاروائی کے تمام مراحل میں معاونتیں فراہم کرنے اور قلم بند کرنے کا تقاضہ کیا جاتا ہے، بشمول معطلی کے دوران۔ مستقل اور موزوں طریقے سے استعمال کیے جانے پر، یہ مداخلتیں طلبا کے طرزِ عمل کو بہتر بنانے، طلبا کے ذریعہ برے طرز عمل کو دوبارہ اختیار کرنے کو کم کرنے کا ایک وسیلہ بن سکتی ہیں اور اسکول میں مزید مثبت ماحول کی تشکیل میں معاون ہوسکتی ہیں۔ معاونتی خدمات میں طالب علم کی ضروریات کی بہتر طور پر تکمیل کرنے والی مداخلت شامل ہو سکتی ہے۔

### مطلوبہ دستاویزات

تمام واقعات، مداخلتیں، اور معاونتیں واقعہ کی آن لائن اطلاع دینے کا نظام (OORS) میں شامل تمام فریقوں کے لیے اس جگہ قلم بند ہو جانے چاہئیں، جہاں موزوں ہو، اس سے قطع نظر آیا تادیبی کارروائی نافذ ہوئی ہے یا نہیں۔ واقعہ کی اطلاع کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم چانسلر کا ضابطہ A-412 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) ملاحظہ کریں۔

انضباطی کارروائیوں کے لیے ضروری ہے کہ معطلیوں اور آن لائن سماعتوں کے دفتر (SOHO) کے نظام میں ان کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ معطلی کی پالیسی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم چانسلر کا ضابطہ A-443 (https://www.schools.nyc.gov/school-life/policies-for-all/chancellors-regulations/volume-a-regulations) ملاحظہ کریں۔

### معاونتوں اور مداخلتوں کا فرہنگ الفاظ و معنی

حروف تہجی کی ترتیب میں:

- باہمی طور پر مسائل حل کرنا

جب طالب علم ایک مسابقت طلب طرز عمل میں مشغول ہوتا ہے تو، ایک تربیت یافتہ عملے کا رکن اچانک رونما ہونے والے طرز عمل کے مخصوص مسائل کی نشان دہی کرنے کے لیے باہمی مسائل کو حل کرنے کے طریقہ کار کو استعمال کر سکتا ہے، طرز عمل کے بارے میں بالغان کی تشویشات کی وضاحت کر سکتا ہے اور طرز عمل کی بنیادی وجوہات سے خطاب کرنے کے لیے طالب علم کو باہمی طریقہ کار میں مشغول کر سکتا ہے اور ایک ایسے عملی منصوبے کا فیصلہ کر سکتا ہے جو کہ حقیقت سے قریب ہے اور دونوں کے لیے باہمی طور پر قابل قبول ہے۔

- اجتماعی خدمت (والدینی اجازت کے ساتھ)

اجتماعی خدمت طلبا کو صلاحیتوں کو بہتر بنانے اور کمیونٹیز کی مدد کرنے کے لیے حقیقی زندگی میں حل تلاش کرنے میں مدد کرتی ہیں۔ یہ طلبا کو اپنے طرزِ عمل کے لیے ذمہ دار ٹھہراتا ہے اور ان کو اس بات کی اجازت دیتی ہے کہ وہ اپنے گزشتہ بدفعلی کا اژالہ کرنے کے لیے کمیونٹی مثبت تبدیلیاں کریں۔

- اختلافات حل کرنا

اختلافات کا حل دو یا زائد اختلاف رکھنے والے افراد کے مابین اختلاف کو حل کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ایک باہمی بات چیت کا طریقہ استعمال کرنا طلبا کسی مسئلہ یا تنازعے پر ان لوگوں سے براہ راست سننے اور بات کرتے ہیں جن سے وہ اختلاف رائے رکھتے ہیں تاکہ کسی باہمی اطمینان بخش حل تک پہنچا جا سکے۔

- انفرادی طرزِ عمل کے معاہدے کی فروغ دہی

طلبا ایک تحریری معاہدہ تیار کرنے کے لئے اساتذہ سے ملتے ہیں جس میں مقاصد اور کارکردگی سے متعلق ایسے خصوصی اعمال شامل ہوتے ہیں جن کی تکمیل طلبا اپنے مقاصد کو پورا کرنے کے لئے کرتے ہیں۔ اس معاہدے پر طالب علم اور استاد کے دستخط، اور جہاں موزوں ہو، والدین کے دستخط ہوتے ہیں۔

- رہنمائی کانفرنس

پرنسپل اور اساتذہ، طالب علم کے ساتھ اور جہاں موزوں ہو، والدین کے ساتھ رہنمائی کانفرنس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اس کانفرنس کا مقصد طرزِ عمل پر نظرثانی کرنا، مسائل کا حل تلاش کرنا اور ایسے تعلیمی، ذاتی اور سماجی معاملات کی نشاندہی کرنا ہے جو اس طرزِ عمل کی وجہ ہوسکتے ہیں یا اس میں امداد مہیا کرتے ہیں۔

- طبی تعلیم

طبی تعلیم تمام گریڈز کے طلبا کے لیے ایک ضروری تعلیمی موضوع ہے۔ اس کلاس میں، طلبا وہ نظریات اور مہارتیں حاصل کرتے ہیں جن کی ان کو صحت افزوں رہنے کے لیے ضرورت ہے، بشمول سماجی اور جذباتی صلاحیتیں، غنڈہ گردی سے بچنے کا طریقہ، ابلاغ اور تعلق کی صلاحیتیں، اور الکوحل، تمباکو اور دیگر نشہ آور جیسی چیزوں سے صحت کو بچانے کا طریقہ۔

- انفرادی / گروپ مشاورت

انفرادی مشاورت طلبا کو مسائل رازداری میں اشتراک کرنے کے لیے مخرج فراہم کرتا ہے جو ان کی حاضری، طرزِ عمل، اور / یا تعلیمی کامیابی پر منفی انداز میں اثر انداز ہوتے ہیں۔ چھوٹے گروپ میں مشاورت پریشانی پر قابو پانا، غصے پر قابو پانا، اختلافات کے حل کی اور / یا ابلاغ کی صلاحیتوں کو فروغ دینے وغیرہ جیسے مسائل سے خطاب کر سکتی ہے۔ طلبا اہداف تشکیل دیتے ہیں، اور مسائل حل کرنے کی ایسی حکمتِ عملیاں سیکھتے ہیں جو ان کو ذاتی مسابقتوں کا سامنا کرنے کے قابل بناتی ہیں۔ مشیران کو طلبا کی تعلیمی اور ذاتی پیشرفت پر بات چیت کرنے کے لیے والدین کے ساتھ معمول میں کانفرنس کرنا چاہیے۔

- انفرادی معاونت منصوبہ (ISP)

انفرادی معاونت منصوبہ (ISP) مظلوم یا غنڈہ گردی، ہراساں، ڈرانے، امتیازیت اور دیگر پرتشدد طرزِ عمل کی شروعات کرنے والے طلبا کی مدد کے لیے ایک تحریری منصوبہ ہے۔ دیگر چیزوں کے علاوہ، اس میں مداخلتیں اور معاونتیں برائے طلبا اور دفعات برائے نامزد کردہ اسکول کے عملہ شامل ہیں تاکہ وہ طالب علم اور / یا اس کے والدین مخصوص اوقات میں مشاورت کر سکیں، یہ تعین کرنے کے لیے کہ آیا طرزِ عمل بہتر ہو گیا ہے یا نہیں۔ یہ طالب علم کی صورت میں کارآمد ہے یہ مزید اہداقی طریقے اور / یا باقاعدہ نگرانی کا تقاضا کرتا ہے۔

- مشاورتی عملے کے ذریعہ مداخلت

جہاں دستیاب ہوگا، اسکول پر مبنی مشاورتی عملہ اور / یا اسکول پر مبنی ذہنی صحت پروگرامز افہام ادراک اور بصیغۂ راز ذہنی خدماتِ صحت اور مداخلتوں کا وسیع پیمانہ پیش کرتا ہے ان میں ذیل شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہے: تشخیصات، انفرادی، گروہ، اور خاندانی مشاورت اور / یا علاج، استاد سے مشاورت، اور تعلیمی حکمت عملیاں برائے والدین اور عملہ۔

- صلاح کاری

طلبا کو مشیر، استاد، طلبا اور / یا منتظم برائے ذاتی، تعلیمی، اور سماجی فروغ کے ساتھ کام کرنے کے لیے صلاح کار / اتالیق یا صلاح کاری پروگرام سے میچ کیا جاتا ہے۔

- والدین تک رسائی

اسکول کے عملے کو والدین کو ان کے بچے کے طرز عمل سے باخبر رکھنا چاہئیے اور تشویش کے معاملات سے نمٹنے میں والدین کو بطور شراکت دار شریک کرنا چاہئیے۔ والدین تک پہنچ میں فون کے ذریعے رابطہ / تحریری اطلاع شامل ہو سکتا ہے، لیکن یہ ان تک محدود نہیں۔

- مثبت طرزِ عمل مداخلتیں اور اعانتیں (PBIS)

PBIS اسکول پر مبنی انسداد کے نظام کو فروغ دیتا ہے تاکہ متعدد مراحل کے طریق کار کے سانچے اور بنیادی نصابی مضامین کی تعلیم کے انداز میں تدریسی طرزِ عمل کی توقعات فراہم کر کے طلبا کے طرزِ عمل کے نتائج کو بہتر بنایا جا سکے۔

- منشیات کے استعمال پر موزوں مشاورتی خدمات کا حوالہ

ایسی صورت میں جب طالب علم منشیات کے استعمال، بشمول ان کے استعمال، ان کو اپنے قبضے میں رکھنا یا غیر قانونی منشیات، ممنوعہ اشیا، اور / یا الکوحل کو فروخت کرنے کے مسائل سے دوچار ہو، تو ان کو اسکول پر مبنی مشاورت کی خدمات یا بیرونی ایجنسی یا برادری پر مبنی تنظیموں کی رہنمائی خدمات کے لیے حوالہ دینا چاہیے۔

- برادری پر مبنی تنظیموں (CBO) کا حوالہ

طالب علم کو وسیع پیمانے کی خدمات کے لئے ایک برادری پر مبنی تنظیم کا حوالہ دیا جاسکتا ہے، جس میں اسکول بعد پروگرام، انفرادی یا اجتماعی مشاورت، قائدانہ فروغ، اختلافات کا حل اور نجی تدریس شامل ہوسکتی ہیں، لیکن انہی تک محدود نہیں۔

- غنڈہ گردی، ڈرانے، یا ہراساں کرنا بشمول تعصب پر مبنی غنڈہ گردی، ڈرانا، یا ہراساں کرنے کا حوالہ

جب کوئی طالب علم یا طلبا کا گروہ کسی دوسرے طالب علم یا طلبا کے گروہ کو غنڈہ گردی، بشمول سائبر غنڈہ گردی، ڈرانے یا تعصب پر مبنی ہراساں کرنے کا مظاہرہ کرے تو اس طرز عمل سے متاثر ہونے والے طلبا اور اس طرز عمل کو اختیار کرنے والے طلبا، دونوں اور کو الگ الگ اسکولی عملے یا ایک برادری پر مبنی ایجنسی کی فراہم کردہ مناسب مشاورتی، معاونتی اور تعلیمی خدمات کا حوالہ دینا چاہیے۔

- نوجوانان میں تعلقاتی مذموم برتاؤ یا جنسی تشدد کے لیے مشاورتی خدمات کا حوالہ

جب ایک شخص دھمکی یا اصل جسمانی، جنسی اور / یا جذباتی ایذا رسانی کا ایک سلسلہ ڈیٹنگ پارٹنر پر قابو پانے کے لیے استعمال کرتا ہے، اسکول کو متاثرہ شخص اور جو طالب علم اس طرزِ عمل کو اختیار کرتا ہے، دونوں کو علحیدہ مناسب اسکول یا برادری پر مبنی تنظیمیوں کے پاس صلاح کاری، اعانت اور / یا تعلیمی خدمات کے لیے بھیجنا چاہیے۔

- ذہنی صحت کے لیے معاونتی خدمات کا حوالہ

طلبا کو مشاورت، ذہنی صحت، یا صلاح کاری کی ایجنسی کا حوالہ دیا جا سکتا ہے۔

- طالبانہ فلاح و بہبود ٹیم (پیوپل پرسنل ٹیم) (PPT) کا حوالہ

طالبانہ فلاح و بہبود ٹیمیں اسکول پر مبنی ٹیمیں ہوتی ہیں جو انسداد، مداخلت کی حکمت عملیوں اور معاونت کے ذریعہ طالب علم کی کامیابی کی حوصلہ افزائی کے لئے کثیر شعبہ جاتی طریق کار کا استعمال کرتی ہیں۔ ہر طالب علم کے حوالے کے لئے ایک کیس منیجر کی شناخت کی جاتی ہے اور طلبا کو ان کی تعلیمی اور / یا دیگر دشواریوں پر قابو پانے میں مدد کرنے کے لئے ایک انفرادی منصوبہ تیار کیا جاتا ہے۔

- منشیات کے استعمال کا انسداد اور مداخلت کے ماہرین (SAPIS) کے پروگرام کا حوالہ

وہ طلبا جو شراب اورمنشیات کے استعمال کرنے، گینگ کی سرگرمیوں شامل ہونے، اسکول سے معطلی، انتشار انگیز رویہ، اور ضابطۂ انضباط سے وابستہ خلاف ورزیاں کرنے کے خطرے سے دوچار ہوتے ہیں ان کو مداخلت کی خدمات کے لیے ان SAPIS کا حوالہ دیا جا سکتا ہے۔ SAPIS والدین ورکشاپس فراہم کرتا ہے جو شراب اور منشیات کے استعمال کے مسائل کے غنڈہ گردی اور تشدد سے بچنے کو بیان کرتی ہے۔ SAPIS ان اسکولوں کو جنہیں بحران کے واقعات کے دوران امداد کی ضرورت ہوتی ہے ان کو بحران کی کارروائی کی خدمات پیش کرتا ہے۔ یہ گریڈز K-12 میں مداخلت کی خدمات بھی فراہم کرتا ہے تاکہ اور منشیات کے استعمال سے وابستہ منفی صحت، سماجی مسائل اور تعلیمی نتائج کا انسداد اور انہیں کم کیا جا سکے۔

- بحالی کے طریقِ کار

